سوال

اللہ کے حکم سے مردے کا زندہ ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے پاس ایک بزرگ ہیں ان سے پوچھا گیا کہ اس دور میں اللہ چاہے تو ایک آدمی اللہ کے حکم سے مردے کو زندہ کر سکتا ہے ؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں یہ ممکن ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے حکم سے مردوں کو زندہ کرتے تھے نزدیک قیامت ایک کافر بے ایمان مردے کو زندہ کرے گا تو کیا اللہ کے حکم سے ایک اللہ کا بندہ مردے کو کیوں نہیں زندہ کر سکتا ۔ آپ ہی بتائیں ہم ان بزرگوں کو کیا دلیل اور جواب دیں ۔ کیا ایسا ممکن ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان بزرگوں سے دریافت فرمائیں ان کو مسیح علیہ السلام والی دلیل پر اگر کوئی صاحب کہیں تو پھر ایسا شخص پیغمبر ٹھہرا ؟ اور مسیح دجال والی دلیل پر اگر کوئی صاحب اعتراض کریں تو پھر وہ شخص دجال ہوا ؟ تو وہ بزرگ کیا جواب دیں گے ؟ امکان پر بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں آپ ان سے وقوع پر بات کریں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

عقائد کا بیان ج1ص 67